# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## سرٹیفائیڈ مجرم اور بھگوڑے نواز شریف کی تقریر پر پاکستان تحریک انصاف کا ردّعمل

ریاستی پناہ میں واپس آنے والا سرٹیفائیڈ مجرم اور بھگوڑا سیاست اور اہلِ سیاست کیلئے نِری شرمندگی کا موجب ہے،

نواز شریف ملکی سیاسی تاریخ میں بے حمیّتی، بے غیرتی، ذلّت اور مردار خوری کا جیتا جاگتا استعارہ ہے،

ملکی سیاست کا سب بڑا مردار خور دستور، قانون، اقدار، جمہوریت اور انتخاب کی نیم مردہ لاشوں کو نوچ کر ریاستی سرپرستی میں پھر سے اپنا بدبودار دسترخوان آباد کرنے نکلا ہے،

عزّتِ نفس کے احساس تک سے محروم اس بے شرم شخص میں رتّی بھر حیا ہوتی تو ذلّت کی گٹھری سر پر اٹھا کر ڈیلوں اور ضمانتوں کی سائے میں سیاست کرنے کی بجائے ڈوب مرنے کو ترجیح دیتا،

قوم اس سرٹیفائیڈ مجرم کی تجوریوں میں محفوظ حرام کے مال اور قوم کو لوٹ کر خریدی گئی جائیدادیں بھولی نہ اس سب کو بھلانے پر آمادہ ہے،

اس جھوٹے، نااہل اور نالائق کو جب اقتدار میسّر آیا اس نے ملکی معیشت کا جنازہ نکالا اور غریبوں کا معاشی بھرکس نکالا، اس سرٹیفائیڈ مجرم کے "چھوٹے" نے 16 ماہ میں 6 فیصد کی شرح سے ترقی کرتی معیشت کو صفر سے نیچے گرایا،

اس بھگوڑے نے چوری کے پیسے سے خریدی گئی جائیدادوں میں بیٹھ کر اپنے جعل ساز سمدھی کے ذریعے قوم پر 45% کی بدترین مہنگائی مسلط کی،

جاتی امرا کے اس قزاق نے عوام کی جانب سے 2018 میں مسترد کئے جانے کا بدلہ پٹرول اور ڈالر کو تین سو سے اوپر لے جا کر عوام سے کیا،

اس کی مجرمہ دُختر ریاست اور اس کے اداروں پر حملے کرتی رہی جبکہ 16 ماہ میں 12 لاکھ تعلیم یافتہ اور پیشہ ور پاکستانی ملک چھوڑ گئے،

ملک و قوم پر ڈھائے جانے والے ہر ظلم میں یہ مجرم برابر کا شریک اور عوام کے غضب کے نشانے پر ہے،

8 فروری کو عوام اپنے ووٹ کی طاقت سے قومی سیاست کو اس نحوست سے پاک کرنے کو بیتاب ہیں، عوام اپنی مرضی اور منشا کا گلا گھونٹ کر نواز شریف جیسے ناسور کو عوام کی ملک پر مسلّط کرنے کے خواب دیکھنے والوں پر بھی نگاہ رکھے ہوئے ہیں،

ریاستی منصوبہ سازوں نے دستور، انتخاب اور جمہوریت کی بجائے جیب تراشوں اور مجرموں کو غیر دستوری، غیر جمہوری اور غیر اخلاقی طریقے سے آگے لانے کی کوشش کی تو ملک دشمنی کے مرتکب، قوم کو جوابدہ ہوں گے،